© rasailojaraid.com



ادارہ

مجلس احرار اسلام پاکستان کی سرگرمیاں

# اخبار الاحرار

## جنرل مشرف کے الزامات قوم کے دلوں سے ڈاکٹر عبدالقدیر کی عزت و توقیر کم نہیں کر سکتے

**سید عطاء المہیمن بخاری**

چیچہ وطنی (۲۷ رستمبر) مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ صدر مشرف اسلام اور مسلم کش پالیسیوں کے عوض امریکی صدر بش سے ''تھپکی'' لینے امریکہ گئے تھے۔ اُن کے دعوؤں کی جلد قلعی کھل جائے گی۔ ان کی کتاب کے مندرجات کو بادی النظر سے دیکھا اور پڑھا جائے تو بہت واضح ہوجاتا ہے کہ ان کو ملکی سلامتی اور دفاع سے زیادہ اپنے اقتدار کی طوالت اور امریکی مفادات عزیز ہیں۔ وہ رضوان الدین احمد صدیقی کی خالہ کی نمازِ جنازہ پڑھانے کے بعد مرکزی مسجد عثمانیہ میں نمازِ تراویح کے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ جوں جوں بادل چھٹیں گے تو لوگوں پر حقیقت واضح ہوجائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عبدالقدیر خان ملک وملت کے محسن اور قوم کے ہیرو ہیں۔ جنرل مشرف کے الزامات قوم کے دلوں سے ڈاکٹر عبدالقدیر کی عزت و توقیر کم نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عبدالقدیر خان کے بارے میں منفی پراپیگنڈہ کر کے جنرل مشرف نے احسان فراموشی کا نیا ریکارڈ قائم کیا ہے۔

## قادیانی تنظیم ''ہیومینٹی فرسٹ'' فلاحی کام کی آڑ میں مرزائیت پھیلا رہی ہے: عبداللطیف خالد چیمہ

چیچہ وطنی (۲۷ رستمبر) مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری اطلاعات عبداللطیف خالد چیمہ نے اسلام آباد میں قادیانی تنظیم ''ہیومینٹی فرسٹ'' کی ارتدادی سرگرمیوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ رفاہی وفلاحی کام کی آڑ میں مرزائیت پھیلانے والی اس تنظیم نے جی ایٹ ٹو میں اپنا دفتر قائم کر رکھا ہے جہاں سادہ لوح مسلمانوں کو ورغلایا جارہا ہے اور مسلمانوں کو مرتد بنانے کے ایجنڈے پر سرعام کام ہو رہا ہے۔

ہفت روزہ ''غزوہ'' کی ایک رپورٹ کے حوالے سے انہوں نے بتایا کہ قادیانی سائنسدان ڈاکٹر عبدالسلام کا بھتیجا ریحان ولی پاکستان میں مذکورہ تنظیم کا انچارج ہے اور ہیومنٹی فرسٹ کی ارتدادی سرگرمیوں کا اصل ہدف افریقی مما لک ہیں جہاں تعلیم، میڈیکل اور امداد کے نام پر لوگوں کو قادیانیت کے چنگل میں پھنسایا جارہا ہے۔ خالد چیمہ نے الزام عائد کیا کہ قادیانیت کی تبلیغ پر پابندی کے باوجود قادیانی کتب ورسائل فروخت ہو رہے ہیں اور لوگوں کے عقیدے کو خراب کرنے کے لیے قادیانیوں کو سرکاری آشیر باد حاصل ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## جنرل پرویز مشرف کی کتاب نے پوری دنیا میں پاکستان کے خلاف مقدمہ درج کروادیا ہے

## امریکی تابعداری میں موجودہ حکومت تمام حدود کراس کرچکی ہے

### قائدِ احرار سید عطاء المہیمن بخاری اور عبداللطیف خالد چیمہ کا جامعہ رشیدیہ ساہیوال میں خطاب

چیچہ وطنی (۶/اکتوبر) مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ قرآن کو بطور دستورِ حیات نافذ کیے بغیر قیامِ ملک کے مقاصد پورے نہیں ہوسکتے۔ پاکستانی حکمران، رولنگ کلاس اور جاگیردار اٹھاون برس سے عوام کا استحصال کررہے ہیں اور بعض عناصر اپنے سیاسی مفادات کے لیے استحصالی قوتوں کے آلۂ کار بنے ہوئے ہیں۔ ایسے میں حق سچ کی سیاست کا نعرہ لگانے والوں کا اوّلین فرض ہے کہ وہ عوام کے غصب شدہ حقوق کی بازیابی و بحالی کا فریضہ انجام دیں کہ اس کے بغیر اصلاح احوال کا کوئی راستہ نہیں۔ وہ گزشتہ ماہ جامعہ رشیدیہ ساہیوال میں ایک بڑے دینی اجتماع سے خطاب کررہے تھے۔ تحریک تحفظ ختم نبوت کے مرکزی رہنما عبداللطیف خالد چیمہ نے بھی خطاب کیا۔

سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ ہماری تمام تر مشکلات کا حل قرآنی و آسمانی تعلیمات میں مضمر ہے اور اسلامی تعلیمات پوری انسانیت کے مسائل کا احاطہ کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنرل پرویز مشرف کی کتاب نے پوری دنیا میں پاکستان کے خلاف مقدمہ درج کروادیا ہے اور امریکی تابعداری میں موجودہ حکومت تمام حدود کراس کرچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عبدالقدیر خان کے حوالے سے جنرل پرویز مشرف کی متنازعہ کتاب کے مندرجات سے پوری قوم مختلف رائے رکھتی ہے۔ صرف سرکاری ودرباری شخصیات وحلقے ان کے سرکاری گواہ اور سرکاری حامی ہیں لیکن سب کو یاد رکھنا چاہیے کہ جونہی موجودہ حکومت کے اقتدار کی چولیں ڈھیلی ہوئیں سب کے چودہ طبق روشن ہوجائیں گے۔

عبداللطیف خالد چیمہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک وملت کے خلاف قادیانی سازشیں حکومتی آشیرباد کے ساتھ عروج پر ہیں۔ ختم نبوت اور ردّ قادیانیت پوری امت مسلمہ کے ایمان کا حصہ ہے۔ قادیانیوں سے امت مسلمہ کے عقیدے کو بچانا ہمارا فرض بھی ہے اور ڈیوٹی بھی۔ انہوں نے کہا کہ چناب نگر میں ۷ رستمبر کو ہونے والی ختم نبوت کانفرنس کے سلسلہ میں قاری شبیر احمد عثمانی پر دہشت گردی کا مقدمہ درج کرنے پر شدید احتجاج کرتے ہوئے اسے چناب نگر اور ضلع جھنگ کی انتظامیہ و پولیس کی بدترین قادیانیت نوازی قرار دیتے ہوئے مقدمے کے اخراج کا مطالبہ کیا اور کہا کہ سرکاری انتظامیہ امتناعِ قادیانیت قوانین پر عمل درآمد کی صورتحال کو بہتر بنانے میں دانستہ غفلت برت رہی ہے اور چناب نگر میں مسلمانوں کو پریشان کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس صورت حال کا سنجیدگی سے نوٹس نہ لیا گیا تو ہولناک کشیدگی جنم لے گی۔

بعدازاں قائدِ احرار سید عطاء المہیمن بخاری کے اعزاز میں جامعہ اشرفیہ عیدگاہ ساہیوال میں مولانا عبدالستار نے افطار ڈنر دیا جس میں قاری منظور احمد طاہر، قاری عبدالغنی، قاری طاہر رشیدی، حافظ محمد بلال، میاں محمد یونس، مولانا عبدالباسط، چودھری سردار محمد، صوفی عبدالشکور احرار اور متعدد دیگر حضرات نے شرکت کی۔ سید عطاء المہیمن بخاری نے اس

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



موقع پر علماء کرام اور دینی کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ عالمی صورتحال کا حقیقی ادراک کر کے ہمیں نئی نسل کی تربیت کے فقدان کو دور کرنا چاہیے اور علماء کرام کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرنا چاہیے۔

## شُبّانِ احرار ضلع ساہیوال کا اجلاس:

چیچہ وطنی (۹راکتوبر) شُبّانِ احرار ضلع ساہیوال کے ایک اجلاس میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ عید الفطر کے بعد عصری تعلیمی اداروں میں تنظیم کو فعال بنایا جائے گا اور تمام سکولوں، کالجوں اور دینی مدارس میں شُبّانِ احرار کے باضابطہ یونٹ قائم کیے جائیں گے۔ یہ فیصلہ شُبّانِ احرار ضلع ساہیوال کے ایک مشاورتی اجلاس میں کیا گیا جو محمد معاویہ راشد کی زیر صدارت دارالعلوم ختم نبوت چیچہ وطنی میں منعقد ہوا اور اس میں حافظ سیف الرحمٰن، حافظ محمد مغیرہ، حافظ محمد علی، حافظ محمد عمر فاروق، حافظ عمیر توقیر، حافظ شاہد نوید، حافظ بلال جاوید، حافظ محمد یٰسین شاہ اور دیگر طلباء نے شرکت کی۔

شُبّانِ احرار کے ضلعی صدر محمد معاویہ راشد نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لارڈ میکالے کا نظامِ تعلیم خداشناسی کی بجائے محض تلاشِ رزق کا سبق دیتا ہے اور طبقاتی تقسیم کا آغاز ہمارے نصابِ تعلیم اور نظامِ تعلیم سے ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی نظامِ تعلیم کے نفاذ کے بغیر وہ مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہوسکتے جن اعلیٰ مقاصد کے لیے یہ ملک معرضِ وجود میں آیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری تنظیم نظریاتی محاذ پر طلباء کی رہنمائی کرنے کا عزم رکھتی ہے اور ہماری منزل حکومتِ الٰہیہ کا قیام ہے جو دراصل ہر مسلمان کی جدوجہد کا مرکز ہونا چاہیے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ طلباء کو لادین فتنوں سے آگاہی کے لیے ان شاءاللہ تعالیٰ آئندہ سال وسیع پیمانے پر لٹریچر شائع کیا جائے گا اور تعلیمی مقاصد خصوصاً عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے تربیتی کلاسز کا اہتمام کیا جائے گا۔

## قاری شبیر احمد عثمانی پر دہشت گردی کا مقدمہ درج کرنے کی مذمت

چیچہ وطنی (۹راکتوبر) تحریک تحفظ ختم نبوت کے رہنما اور مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری اطلاعات عبداللطیف خالد چیمہ نے ۷ر ستمبر کو چناب نگر میں ہونے والی ختم نبوت کانفرنس کے موقع پر کانفرنس کے منتظم قاری شبیر احمد عثمانی پر دہشت گردی کا مقدمہ درج کرنے پر شدید احتجاج کرتے ہوئے مقدمے کے اخراج کا مطالبہ کیا ہے۔ علاوہ ازیں ضلع ساہیوال کے ایک سو سے زائد ممتاز علماء کرام اور دینی رہنماؤں نے بھی مطالبہ کیا ہے کہ قاری شبیر احمد عثمانی پر دہشت گردی کا ناجائز مقدمہ واپس لیا جائے اور چناب نگر میں امتناعِ قادیانیت قوانین پر عمل درآمد کی صورتحال بہتر بنائی جائے۔

☆......☆......☆

چیچہ وطنی (۹راکتوبر) مجلس احرار اسلام اور تحریک تحفظ ختم نبوت کے رہنماؤں اور کارکنوں، دارالعلوم ختم نبوت اور مرکزی مسجد عثمانیہ کے اساتذہ اور طلباء کے اعزاز میں شیخ لیاقت حسین نے مرکزی مسجدِ عثمانیہ میں افطار پارٹی کا اہتمام کیا جس میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مولانا محمود الحسن نے اس موقع پر فضیلت رمضان وافطار پر بیان کیا۔

© rasailojaraid.com